سوئے مخمس کے ایک سو چودہ بند ... کامل چودہ مجلس کے قرآن ہوا ...

بدرِ کامل

اسم تاریخی

گلستانِ خبیر

۳ ۲ ۱۳ھ

حصۂ دوم

منجملہ چودہ مرثیوں کے سات مرثیے جن میں آنحضرتؐ سے امام محمد باقر علیہ السلام تک کے حالات ہیں حصۂ اول میں چھپ چکے ہیں۔ اس مجموعہ میں بقیہ سات مرثیے طبع ہوئے ہیں جن میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے حضرت حجۃ امام العصرؑ تک کے حالات مسلسل نظم کیے گئے ہیں

مصنفہ

حسان اہلبیتؑ سید سرفراز حسین صاحب رضوی خبیر لکھنوی

ارشد تلامذہ حضرت اوج اعلی اللہ مقامہ

حسب فرمائش

سید اعزاز حسین عرف سید محمد محسن صاحب رضوی

نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ میں طباعت ہوئی

ملنے کا پتہ

ممتاز بک ایجنسی، نخاس، لکھنؤ

قیمت علاوہ محصول عہ/

فہرست مراثی

قطعۂ تاریخ از خبیر لکھنوی مصنف کتاب ہذا

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]


۱۹۵۱ء

ہوالخبیر

سورے مصحف کے ایک سو چودہ ہیں کامل چودہ سے ملکے قرآن ہوا (دبیر)

جلوہ گر ہے بدر کامل یا گلستان خبیر (۱۹۵۶)

(بدر کامل) اسم تاریخی (گلستان خبیر) ۱۳۷۳

حصہ دوم

پہلے حصہ میں سات مرثیے چھپ چکے ہیں اس مجموعہ میں بقیہ سات مرثیے چھاپے گئے ہیں جس میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے حضرت امام عصر علیہ السلام کے مسلسل واقعات نظم ہیں۔

مصنفہ

حسان اہلبیت سید سرفراز حسین رضوی خبیر لکھنوی

ارشد تلامذہ حضرت آوج مغفور

کتاب ہذا حسب فرمائش سید اعزاز حسین عرف
سید محمد محسن صاحب رضوی

نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ میں طبع ہوئی

قطعہ تاریخ

مصنفہ نواب سید حسن علی خاں صاحب زیدی جگر لکھنوی شاگرد حضرت خبیر

چودہ پھولوں کا ہے گلدستہ گلستان خبیر — بدر کامل مشعل نعت و چراغ منقبت
عیسوی میں جب ہوئی تاریخ کی فکر اے جگر — دل پکار اٹھا کہ ہے بیشک یہ باغ منقبت
۱۹۵۶

ملنے کا پتہ

ممتاز بک ایجنسی نخاس لکھنؤ

عہ
قیمت علاوہ محصول ڈاک

بدر کامل حصہ اوّل کے متعلق چند اہل قلم کی رائے

رئیس التحریر حضرت نیاز فتحپوری مدیر نگار

بدر کامل جناب خبیر لکھنوی کے چودہ مرثیوں کا مجموعہ ہے جن میں سے سات مرثیے معصوموں کے لیے وقف ہیں جناب خبیر لکھنو کے نہایت مشہور مرثیہ گو حضرت آوج کے شاگرد ہیں اور کامل (۳۶) سال سے اس تجربکیراں کی شناوری میں مصروف ہیں۔ جناب خبیر مرثیہ گوئی میں خانوادہ دبیر کے پیرو ہیں اور اسمیں شک نہیں کہ ان کے مرثیے پڑھ کر وہی زمانہ ہمارے سامنے آجاتا ہے جب لکھنؤ کی فضا پر مرثیہ ہی مرثیہ چھایا ہوا تھا اور مرثیوں ہی کی بدولت شعر و ادب کا دامن جواہر ریزوں سے مالا مال ہو رہا تھا خبیر صاحب لکھنؤ کے ایک معزز خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور لکھنوی زبان میں استنادی حیثیت کے مالک سمجھے جاتے ہیں اس لئے زبان اور انداز بیان کے لحاظ سے ان مرثیوں کو معیاری اور ٹکسالی تو ہونا ہی چاہیئے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ فنی و جذباتی حیثیت سے بھی وہ بڑا وزن اپنے اندر رکھتے ہیں۔

ضخامت ۳۴۶ صفحات قیمت ۱۲ ملنے کا پتہ:۔ ممتاز بک ایجنسی نخاس لکھنؤ

نگار اپریل ۱۹۵۷ء

اقتباس گرامی نامہ جناب حکیم سید محمد قاسم صاحب۔

المعروف بہ حکیم صاحب عالم صاحب قبلہ معدن الادویہ وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ

برادر محترم۔ سلام علیکم۔ مرثیہ کی جلد پہنچی مطالعہ کر رہا ہوں اگرچہ ابھی

نظر طائرانہ انداز پرواز سے آگے نہیں بڑھی ہے اُس پر بھی بہت کیف حاصل کر چکا ہوں بعض بعض مقامات ایسے بےنظیر ہیں کہ تعریف کے لئے الفاظ نہیں ملتے اکثر مصرع اور بند پڑھ کر جناب اوج مرحوم کا کلام یاد آجاتا ہے واقعی شاگرد اتنا تو رشید ہو کہ ڈوب جائے اُستاد کے رنگ میں اور خاص اپنی سلیس زبان میں اُستاد کا رنگ نباہ دے جزاک اللہ فی الدارین خیرا انشاء اللہ اسکی جزا ممدوحین سے ملے گی۔

نیازمند محمد قاسم
۴۔ جنوری ۵۷ء

اقتباس گرامی نامہ عالیجناب سید آل رضا صاحب رضا ایڈووکیٹ کراچی پاکستان
و شاگرد رشید حضرت آرزو مرحوم

برادر گرامی قدر۔ سلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

اس سے پہلے بھی یہ جلد موصول ہو چکی ہے میں اب تک اسی انتظار میں رہا کہ بالاستیعاب پڑھ کر اپنے معروضات پیش کروں۔۔۔۔ اِن مرثیوں میں جس قادرالکلامی کا نمونہ موجود ہے وہ میری تعریف سے بالاتر ہے میں تو ہمیشہ سے آپکی اِس خصوصیت کا معترف رہا ہوں آپ کے دم سے اب بھی لکھنؤ کی مرثیہ گوئی کا وقار قائم ہے اُس زمانہ میں بھی آپکا خاص درجہ تھا جب دوسرے قابل ستائش مرثیہ گو حضرات موجود تھے اور اب تو آپ ہی آپ ہیں۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔ چہاردہ معصومین علیہم السلام کے حالات ایک ہی جلد میں جمع کر دینا بڑی افادیت کا حامل ہے۔ آپنے اپنے لئے تحصیل ثواب کا ایک خزانہ جمع کر لیا ہے لوگ پڑھیں گے اور دُعائیں دینگے اور اُن سب سے بھی زیادہ آپکی خوشنودی ہے جسکا پروانہ ممدوحین کی بارگاہ سے مرحمت ہو چکا ہوگا۔

منت کش
دعا گو آل رضا۔ ۲۰ مارچ ۵۷ء

جرول، گڑھ، ۱۱ر فروری ۱۹۸۵ء   گرامی نامہ سید فضل مہدی صاحب نسیم جرولی رشید تلامذہ حضرت اوج

برادر محترم جناب خبیر صاحب

بعد سلام مسنون و استخبار مزاج مبارک۔ طالب بخیر بہر صورت بقید حیات ہے۔ خدا کرے آپ بھی بصحت و عافیت ہوں، بدر کامل المعروف بہ گلستانِ خبیر عطیہ گرامی بتوسل پاکیزہ سلسلہ ہمراہ کھیں سیلہ قسیم پہنچکر باعث تشکر و مسرت ہوا۔ یہ آپ کے خلوص و محبت کی بیّن دلیل ہے جو صرف لائق شکریہ ہی نہیں بلکہ دعاؤں کی مستحق ہے۔ میں نے ازاوّل تا آخر بغور پڑھا۔ کتابت کی غلطیوں کا میرے حظ نفس پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ بلکہ تصحیح ہوتی گئی، سبحان اللہ۔ جو مرثیہ ہے وہ لاجواب ہے جو مقامات میں وہ تمثیل، ہر مرثیہ میں ساقی نامے عجب لطف دیتے ہیں، بہاریہ رنگ کی۔ پھولوں کی نیرنگیاں نرالی۔ اللہ کرے حسن سخن اور زیادہ۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ شوکت الفاظ، مضامین کا زور، پابندئ روایت زبان و محاورات کا لطف کس کس بات کی تعریف کروں کم از کم ایک مسلم الثبوت استاد کا شاگرد ایسا ہمہ داں فصیح و بلیغ تو ہو جیسی زمانہ حال میں آپکی ہستی ہے، بلاشک فی زماننا خاندان دبیر کے آخری سراج منیر کہے جانے کے آپ ہی مستحق ہیں کہ دامے، درمے، سخنے آپنے اوج و دبیر کے گلستانِ سخن کو ابتک خزاں کے ظلم سے محفوظ رکھا۔ خدائے تعالےٰ آپ ایسے مداح کی عمر میں برکت بہ تصدق ممدوحین علیہم السلام ترقی فرمائے آپکی شخصیت و سیرت پر وہ احسان کر رہی ہے کہ لدادگان اوج و دبیر اگر آپکے شکر گزار نہ ہوں تو عین ناانصافی ہے، چھوٹا منھ بڑی بات ہو تو یہ چاہتا ہے کہ ہر ہر بند پر نہ سہی مگر اکثر ابیات اور بندوں پر نقد و تبصرہ کیا جائے مگر "اے بسا آرزو کہ خاک شدہ" بسبب پیرانہ سالی نہ دل و دماغ پر قابو اور نہ بصارت چشم پر اختیار ہے۔ اگر بالاجمال بھی کوئی اپنی ضعیف رائے تحریر کرنا چاہتا ہوں تو نہ قلم میں قوت تحریر نہ زبان میں طاقت تقریر مختصر یہ ہے

صد نازش جہاں ہیں جناب خبیر آپ
چرخ سخن کے جیسے ہیں بدر منیر آپ
بیشک نسیم ہیچمداں کا یہ قول ہے
ہیں افتخار مسلک اوج و دبیر آپ

دیگر

اے حضرت خبیر وہ فنکار آپ ہیں
چرخ سخن کے نجم ضیا بار آپ ہیں
بعد وفات حضرت اوج و دبیر بھی
دونوں کے مثل طالع بیدار آپ ہیں
بدر کامل میں وہ جذبات کی کھینچی تصویر
اوج کا نام بڑھا شاد ہوئی روح دبیر
فکر بتا رہے تاریخ کی الہام کو نسیم
خود دیتا دیتا ہے تاریخ گلستانِ خبیر
۱۴۰۳ھ

نیاز مند قدیم
سید فضل مہدی نسیم

تعارف

سید احتشام حسین صاحب رضوی پروفیسر لکھنؤ یونیورسٹی کے قلم سے

اپنی گوناگوں مصروفیات کے درمیان مجھے حال ہی میں جناب سرفراز حسین صاحب خبیر کے چند مراثی پڑھنے کا موقع ملا اور مجھے ان مراثی کی ادبی اور فنی خوبیوں کا احساس ہوا۔ جناب خبیر کی مرثیہ نگاری میں اگرچہ اعتقاد کی گرمی اور جذبہ کی شدت کو زیادہ دخل ہے جس کی وجہ سے اُن کا خود ایک مخصوص رنگ وجود میں آگیا ہے لیکن انھیں یعنی شور حضرت اوج مرحوم کی شاگردی اور مطالعہ سے بھی حاصل ہوا ہے اوج مرحوم کو فن پر جو عبور حاصل تھا وہ کم لوگوں کو حاصل ہوتا ہے، جناب خبیر صاحب نے فن کی اس معلومات کو ایک باذوق شاعر کی حیثیت سے استعمال کیا ہے اور یہ بڑی بات ہے۔

اردو ادب کی تاریخ میں مرثیہ نگاری کا ارتقا ایک دلچسپ مطالعہ کا موضوع ہے جن میں سلطان محمد قلی قطب شاہ اور وجہی سے لیکر تمام شمالی ہند میں میر انیسؔ اور مرزا دبیرؔ تک ڈھائی سو سال سے زیادہ ہوتے ہیں، اتنی مدت میں مرثیہ نے محض ایک اعتقادی اور ادبی حسن سے معرا کلام منظوم سے ترقی کرتے کرتے ایک ترقی یافتہ پیچیدہ اور خوبصورت ادبی صنف کی حیثیت اختیار کرلی، یہ ساری ترقی ہندوستان کے مخصوص معاشرتی، تاریخی اور ادبی ماحول میں ہوئی، مرثیہ دنیا کے قدیم ترین اصناف میں سے ہے کیونکہ اسکی بنیاد جس جذبہ پر ہے وہ بہت ہی اہم اور ہیجان انگیز ہے، واقعہ کربلا کے متعلق مراثی کا سلسلہ بھی اس واقعہ کے ساتھ ساتھ شروع ہوجاتا ہے اور چونکہ اس حادثۂ عظیم میں دلوں کو متحرک اور ذہن کو متاثر کرنے کی بڑی صلاحیت تھی اس لئے ایسے مقام پر جہاں امام حسینؑ سے عقیدت رکھنے والے موجود تھے مرثیہ نگاری کا رواج ہوا، جہاں تک اردو کا تعلق ہے ہمیں جس وقت سے باقاعدہ اردو شاعری ملتی ہے مراثی بھی ملنے لگتے ہیں، فارسی کی تقلید کا جو جذبہ غزل، قصیدہ، مثنوی اور رباعی کے معاملے میں عام تھا مرثیہ اس سے بڑی حد تک محفوظ رہا غالباً اسکی سب سے اہم وجہ یہ ہے کہ خود فارسی میں مرثیہ کا کوئی ایسا عملی نمونہ موجود نہ تھا جیسا دوسرے اصناف میں، اس لئے اردو کی مرثیہ نگاری نے ابتدا ہی سے اپنے پیروں پر کھڑا ہونا سیکھا، عقیدہ سے وابستہ ہونے کی وجہ سے بہت دنوں تک مرثیہ گو شعرا نے اسکی ادبی اور شاعرانہ

تہذیب و ترتیب پر دھیان نہیں دیا لیکن مرزا محمد رفیع سودا نے اپنی ہمہ گیر شاعرانہ صلاحیتوں سے اس صنف کو بھی بلند تر کرنے کی کوشش کی، اس کے بعد سے اردو مرثیہ نے اپنی ایک کلاسکی حیثیت بنالی۔ بہت سے فنی اور اسلوبی تجربوں کے بعد میر ضمیر، فصیح، خلیق اور دلگیر نے اس کی وہ شکل متعین کردی جسے میر انیس اور مرزا دبیر نے مکمل کردیا۔ ان بزرگوں کے خلاف اور چند دوسرے مرثیہ نگاروں نے اپنی انفرادی فنی خصوصیات پیدا کیں لیکن مرثیہ کا ڈھانچا وہی رہا، زمانہ کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ مرثیہ گو لوگوں اور مرثیہ سننے والوں کے ذوق میں کسی قدر تبدیلی ہوئی ہے، فن کا شعور اور بیان و بدیع سے کام لینے کا خیال بھی بدلا ہے اس لئے آج کے مرثیہ نگاروں کا انداز قدیم اسالیب کا تسلسل ہونے کے باوجود کسی قدر مختلف معلوم ہوتا ہے۔

خبیر صاحب کے مراثی کے مطالعہ سے بھی یہ بات واضح ہوتی ہے کہ انھوں نے اساتذۂ فن کی پیروی بھی کی ہے اور اپنے ذوق کو بھی رہنما بنایا ہے۔ کئی مراثی میں انھوں نے شاعری کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور کئی مقامات پر یہ بات واضح کی ہے کہ وہ سچائی کے پرستار ہیں، انھیں واقعات اور روایات کو نظم کرتے ہیں جنھیں صحیح خیال کرتے ہیں، اس حد بندی کی وجہ سے ان مراثی میں کیف اور اثر پیدا ہوگیا ہے اور شاعر کی مخلصانہ کوشش نے ہزار بار کے دہرائے ہوئے واقعات میں شگفتگی اور تازگی پیدا کردی ہے۔ میں نے جو مراثی دیکھے ہیں وہ محض واقعہ کربلا سے تعلق نہیں رکھتے (گو مجلس کی ضروریات کے لحاظ سے ان میں جا بجا اس حادثۂ عظمیٰ کے مختلف پہلوؤں کو داخل کرلیا گیا ہے) بلکہ چہاردہ معصومین کے حالات مرثیہ کے انداز میں پیش کئے گئے ہیں، اس سے بھی کسی قدر تنوع پیدا ہوا ہے اور شاعر کو وسیع تر میدان اظہار خیال کے لئے مل گیا ہے۔ ان مراثی میں بیانیہ انداز اختیار کرنے کے بجائے اکثر تاثراتی رنگ اختیار کیا گیا ہے اور انھیں پہلوؤں پر زور دیا گیا ہے جنھیں مصنف نے ضروری سمجھا ہے۔

مرثیہ میں ترتیب واقعات اور انداز بیان سے جو معنوی خصوصیات پیدا ہوتی ہیں، خبیر صاحب کے یہاں وہ قابل توجہ ہیں، مثالیں پیش کرنے سے یہ بات واضح ہو سکتی ہے لیکن ہر مطالعہ کرنے والا اپنے ذوق کے مطابق مثالیں خود تلاش کرے گا۔ اس زمانہ میں کہ جب فن کی طرف سے بے توجہی برتی جا رہی ہے اسے زندہ رکھنے کی کوشش کرنا لائق تحسین ہے۔ مجھے امید ہے کہ خبیر صاحب کے یہ مراثی مقبول ہوں گے۔

سید احتشام حسین

مرثیہ

غازۂ روئے مضامینِ صداقت میری

تعداد بند (۷۳)

در حال امام جعفر صادقؑ

مصنفہ

سید سرفراز حسین رضوی خبیرؔ لکھنوی

مطبوعہ

نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ

باسمہ

زیارت حضرت صادق آل محمد علیہ السلام

اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ یَا اِمَامَ الْوَرٰی اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ
اَیُّهَا الْعُرْوَةُ الْوُثْقٰی اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ یَاحَبْلَ اللّٰهِ
الْمَتِیْنِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ یَا نُوْرَهُ الْمُبِیْنَ اَلسَّلاَمُ
عَلَیْكَ اَیُّهَا الصَّادِقُ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ خَازِنِ
الْعِلْمِ الدَّاعِیْ اِلَی اللّٰهِ بِالْحَقِّ اَللّٰهُمَّ كَمَا جَعَلْتَهٗ
مَعْدِنَ كَلاَمِكَ وَحْیِكَ وَخَازِنَ عِلْمِكَ وَ
لِسَانَ تَوْحِیْدِكَ وَوَلِیَّ اَمْرِكَ وَمُسْتَحْفِظَ دِیْنِكَ
فَصَلِّ عَلَیْهِ اَفْضَلَ مَاصَلَّیْتَ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ اَصْفِیَآئِكَ
وَحُجَجِكَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ولادت امام جعفر صادق علیہ السلام	شہادت امام جعفر صادق علیہ السلام
۱۷ ربیع الاول ۸۳ھ	۱۵ شوال ۱۴۸ھ

قطعہ

غائبانہ روئے معنا میں ہے صداقت تیری
بجھ گئی بلبل سدرہ سے رفاقت تیری
نعت نظرائی تحسین ہے لیاقت تیری
تابش برق سے لگتی ہے طلاقت تیری
تیری صنعت بھی خدا کے کہ سکندر دیکھے
نظم کے آئینے میں تو کے جوہر دیکھے

قطعہ

مدتوں مصحف مدحت کا سبق یاد کیا
برملا طبیعت کو یہ آزاد کیا
طرز نو جب دل مداح نے ایجاد کیا
بزم سے جبریل کے شادنے بھی صاد کیا
نظم کیا نثر میں بھی صدق کی پابندی ہے
راستی تو جہ رضی خداوندی ہے

قطعہ

دل نا فہم کو اللہ سے ڈر جھوٹ نہ بول
چلیے راہ ضلالت سے حذر جھوٹ نہ بول
لاکھ بہکاتا ہے نفس اگر جھوٹ نہ بول
پا بگل جو معاصی سے نہ تم جھوٹ نہ بول
ہر گنہ یوں تو جہنم سے ملا دیتا ہے
جھوٹ ایمان سے بیگانہ بنا دیتا ہے

قطعہ

اے خدا صدق بیانی سے زبان کو ہے کام
تا کہ راضی ہے تو خوش ہوں بھی شاد مدام
سچ ہوئی زین نصیحت کے رشتے میں تمام
مدح صادق سے ہے مطلع انوار کلام
عطر اخلاص سے یہ بزم سخن بس جائے
جعفری پھولوں مضمون کا چمن بس جائے

قطعہ

راہبر وہ دیکھا ہر ایک رہ میں گمراہی
جعفری باش اگر جادۂ حق سمجھو راہی
کیا گدا ہے در حضرت کو بھلے شاہی
پھونک دوں دل کو ولا میں جو کرے کوتاہی
روز اول جو کیا عہد بتا میں نے
جسے اللہ نے چاہا اسے چاہا میں نے

۴۶

جمعہ کا روز تھا سترھویں ربیع الاول
فیض علم الٰہی کو تھا صادق کا محل
موتی برساتا ہوا جھوم کے آیا بادل
بارش نور سے تابندہ ہوئے دشت و جبل
صورت مصحف حق چہرۂ جعفرؑ چمکا
دامن حضرت باقرؑ میں یہ گوہر چمکا

۴۷

اسم پاک آپ کا جعفرؑ تھا یہ سب کو معلوم
کہتے اس نام سے اک نہر جناں میں موسوم
آپ کی ذات مطہر بھی تھی دریائے علوم
بہر فضل و کمالات کی ہے خلق میں دھوم
بندوں کے واسطے نہر ہدایت ہیں حضور
فیض جاری خدا قلزم رحمت ہیں حضور

۴۸

سب خطاب آپ کے لکھنے میں قلم ہو قاصر
کوئی فاضل ہے کہیں کہتا ہے تو کوئی طاہر
کہیں مشہور ہوئے منجی و قائم صابر
لقب خاص تھا صادقؑ ہے جہاں پر ظاہر
یہ لقب آپ کو پیغمبرؐ ایماں نے دیا
پیغمبرؐ نے دیا خالق سبحاں نے دیا

۴۹

جان پیغمبرؐ کی کنیت تھی ابو عبد اللہ
عبد و معبود میں یہ ربط ہوا خاطر خواہ
نقش پا ان کا تھا ایماں کے لئے مشعل راہ
چودہ بندے سے فقط ایسے ہوئے خالق کو واہ
دیکھ لیں حسن حقیقت کو زمانے والے
سب کچھ ہیں محمدؐ کے گھرانے والے

۵۰

عزت و جاہ میں ہر خرد و کلاں تھے یکساں
شان تھی احمدؐ مختار کی حیدرؑ میں عیاں
فاطمہؑ کو کیا اللہ نے خاتون جناں
سید خلد میں سبطینؑ نبیؐ فخر جہاں
شرف ہر دو جہاں عابدؑ و باقرؑ ہم سے
صادقؑ آل نبیؐ صابر و شاکر ہم سے

۱۱
ہے آج کہ سلسلہ عصمت کا [illegible] ہوا
ہوا ہے آج کہ حضرت جعفر [illegible]
[illegible] فضل [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۱۲
سحر ہوئی ہے [illegible] حضرت صادق [illegible] امام
صبح صادق [illegible] امامت کا اسلام
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۱۳
[illegible] دیکھو
[illegible] دیکھو
[illegible] دیکھو
[illegible] دیکھو
[illegible]
[illegible]

۱۴
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۱۵
[illegible] الطاف
[illegible] اوصاف
[illegible]
[illegible] خلاف
[illegible]
[illegible]

۱۶

دولت دشمن بھی سمجھتے تھے شریک دعوت
سب سے ملتے تھے باخلاق و مدارا حضرت
کوئی کہتا تھا یہ ہے نیت کی نمایاں برکت
کافروں کے لیے بھی بچھتا تھا خوان نعمت
مرضی رب کے لیے محفل طعام بھی تھی
دعوت صبح بھی تھی دعوت اسلام بھی تھی

۱۷

کھانے بیٹھے تھے مہماں کہ کئی شاہ کو فخر
کیا اک طفل نے حضرت کے سوئے خلد سفر
میزبانی میں کمی کی نہ ہوئے کچھ مضطر
ہاتھ سے اپنے بڑھاتے رہے کھانے پر درود
رہے بشاش کہ احباب تاسف نہ کریں
کھانا یہ مہمانوں سے اصرار تکلف نہ کریں

۱۸

وصف کی ایک نے اس صبر مجسم کے ہزار
غم کا ہنگام ہے یہ جائیں محل میں سرکار
کہا مولا نے ملے ہیں مجھے سچے اخبار
بچے کی اجل ٹل نہیں سکتی زنہار
جینے سے خوش ہیں نہ مرنے کا خطر رکھتے ہیں
ہم فقط حق کی مشیت پہ نظر رکھتے ہیں

۱۹

یوں نہیں ہر بات تھی آقا کی رضا سے ہی
دیکھا کچھ لوگوں نے مغموم ہے وہ بھی کاکلی
خیریت پوچھی تو بولے یہ امام عربی
برادر عرض تھا کہ مرتے ہیں نہ جانے کوئی
یہی پابند اس عابد تقصیری کی آل پہ بھی
کہ کبھی دن پہ بھی تا عہد تھی اطفال پہ بھی

۲۰

کیا کہوں کیا ہوئی آنکھوں میں حسرت سے منظر
بات تو تھی یہ ابھی میں نے بچی کی تھی نظر
مہرسا بچے کو سے پڑھ رہی تھی تکبیر
مجھکو دیکھا تھا کہ ٹھہر گئی وہ نیک سیر
دفعتاً بہر عجب کوہ الم ٹوٹ پڑا
اسکے ہونٹوں سے فزوں زمزمہ پھوٹ پڑا

۲۱

مرگیا گرچہ کہ وہ فرزند کہ ننھی تھی قضا
اُسکا کچھ غم نہیں مجھکو کہ مجھے ماضی پڑھا
رنج یہ ہے مگر مجھکو ہوا کیوں اتنا
وہ بھی مخلوق خدا میں بھی خدا کا بندہ
کہہ کے یہ شہ نے عیاں لطف خدا اور کیا
زندہ معبود نے بس لوتھڑی کو آ زندہ کیا

۲۲

باغ خرموں کا تھا اک ایک گل باغ رسول
جسکے پھل ذائقے میں شہد سے تھے خوشبو میں پھول
فصل تیار جو ہوتی تھی تو حسب معمول
دعوت عام سے کرتے تھے سبھی فیض حصول
لوگ ہر سمت سے روز آتے تھے کھانے کے لئے
در سے لے جاتے تھے دیوانہ بنانے کے لئے

۲۳

حکم تھا شوق سے جو چاہے وہ آ کے لیجائے
جتنا جی چاہے وہیں بیٹھ کے کھالے لیجائے
کھائے اور دوستوں کو اپنے کھلانے لیجائے
اپنے ہی ہاتھوں سے انبار لگالے لیجائے
غل تھا ممنون کرم جسنے بنایا یہ ہے
اہل ایمان کو وہ شکر جہاں آیا یہ ہے

۲۴

باغ میں لوٹ سی پڑجاتی تھی تیاری پر
باغبانوں کو دیے جاتے تھے بوسے بھر کر
ابھی بھیجے ہی نہ جاتے تھے بلالے اکثر
بانٹے جاتے تھے مدینے میں طبق گھر گھر
جعفری نام سے مشہور جہاں میں جاری
جعفری فیض کا دریا تھا جہاں میں جاری

۲۵

وقف تھا دوستوں کے واسطے ترکہ کمال
دوست بیوپار میں بیگانے سے زیادہ مال
مالک ملک رضا وہ تھے بہ دنیا کیا مال
کیوں نہ ہو فخر ہے ماں کی سخاوت پامال
سب کے احوال کی مولا کو خبر رہتی تھی
سب پہ الطاف و عنایت کی نظر رہتی تھی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۴۱

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۴۲

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۴۳

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۴۴

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۴۵

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] جلوہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] حسن صورت [illegible]

۲۱ھ

جھونی پھول کی خوشبوئے گلفام میں ہو
مچھلی لیتا ہوا دریا سے ولا جام میں ہو
روز و شب اور ترقی کرم عام میں ہو
بیکدہ ہر سے بے کعبۂ اسلام میں ہو
زیر دیوار حرم نام ترا لے کے ہوں
سقف کعبہ پہ گر جاؤں لا اللہ کہتے ہوں

۲۲ھ

سجدۂ سپ پہلے ہوں سجدۂ حق کر کے ہوں
چاہوں دُردِ تہ ساغر کو سبو بھر کے ہوں
زندگی یہ تیری گزری ہے تو اب جیکے ہوں
جلکے پھر قلزم ساغر میں کوثر کے ہوں
ہو گئے ساتھ کلمہ صدر بلا و نکارے
بینا لیا ہے جیا ہو نکا بلا و نکارے

۲۳ھ

ہے عیاں میکدہ میں حسان کا وقار
خمری ہم میں سے تھے رندوں کے تھے وہ سردار
دہ سے عبداللہ غالب بھی اسی پہ نثار
جام وحدت سے کیفیت اسدی لئے تھے سرشار
سوزن عشق سے زخم جگری سینے تھا
ساقی تعبنہ تھے وہ عبث تھے جو پیتے تھا

۲۴ھ

تحلف شیشے ہو رنگ ہیں سب اے جیسا
حسن اخلاص ولا کیفیت صہبا و رضا
بادۂ صبح سے پیمانہ دل جب چھلکا
یک ہر قسم کی پی اب وہ صفا ہو کر دنا
میرا ہم مشربوں میں یکروں کچھ تن نہ تھا
کیا ہو ذرا بھی فقط پیتے تھے جو ان نہ تھا

۲۵ھ

ساقیا نام سے یعقوب کے آنکھیں پھیلاؤں
لاؤں سلمان کو عمار کو جنت سے بلاؤں
میثم و جابر و مقداد کو آنکھوں پہ بٹھاؤں
چوم لوں پاؤں اگر مالک و حمزہ کو پاؤں
کہہ دو ساقی سے نہ تمنائے دکھاوہ ہوں
بوبصیر اور مفضل کے بھی ہمراہ ہوں

۴۶

سالم و صفوان کبھی ہوں تو عقیل بھی ہوں
زید و عمار و حجیں ثقہ دینا بھی ہوں
فیض و یعقوب و محرز و ولا بھی ہوں
تمر و ثابت شیبن دینار بھی حمزہ بھی ہوں
دور مکتب ہو اصلاح و ولا کا ساغر
جعفری بزم ہو اور صدق و صفا کا ساغر

۴۷

نام جعفر پہ ہیں قربان مری جان فدا
مالک ملک کرامت شہ اعجاز نما
معجزانہ سے پانی جو شہ دین نے دیا
بلا عبد اللہ دینار میں حیرت آتی
تھا نہ واقف کہ ہیں ایسے بھی عجائب موجود
کہا مولا نے کہ لاکھوں ہیں عجائب موجود

۴۸

نعمتیں ہم کو اجابت کو جو اللہ نے دیں
انکا احصا بشری عقل سے ممکن ہی نہیں
جب گزرتا ہے زمانے سے کوئی صاحب دیں
روح اس مومن حق دوست کی رہتی ہے یہیں
جیسے پانی ہے زمیں پر ہے کہ بارش کی روح
بستی سے وادی بیروت میں لی عیاں کی روح

۴۹

یونہی طرح بہت مہجور شہر کو مشہور
کہاں ہمکان کہ ہر واقعہ کا ہو مذکور
دو قبا سیہ تھا اور تھا عام کا منصور
ایک بار اسنے بلا بھیجا تھا کہ ہو دور
گھر سے رخصت ہوا دیر تک پریشان رہ گئے
خلق میں باب ان کے بھی پھر گئے

۵۰

جز واقف میں کا لیا وہ سے باداب تمام
خدمت حضرت عالی میں کہا بعد سلام
دیکھئے پہنچے ہیں آپ کے روضہ غلام
لاتے ہیں عامل کی ثنائی کا قاصد پیغام
کچھ نہیں فکر کہ دل کو کوئی گھر بار چھٹ
غم ہے مرقد پاک شہ ابرار چھٹ

۵۵۱

نگہ یاس سے مظلوم نے ہر سو دیکھا
دونوں آنکھوں سے رواں اشکوں کا دریا
کہی آواز خدا حافظ و ناصر بیٹا
حق پہ شبیر رہو سالک تسلیم و رضا
سن کے یہ قبر پیمبر کا مجاور اٹھا
روضۂ سرور ہر جانِ زہرا کا سا غم اٹھا

۵۵۲

حاکم منصور سے ربذہ کو چلے شاہ زماں
پہنچے منزل پہ تو حاکم بھی تھا موجود وہاں
دیا ظالم نے تب اک شخص کو حکم فرماں
لاؤ آگ ان میں در باندھ کے جعفر ایمان
جب وہ آیا شہ دیں طاعت داور میں تھے
قبلہ رو وہ مکاں مسجد بوذر میں تھے

۵۵۳

کچھ اُسے بے ادبی کرتے ہوئے آئی حیا
آستیں پکڑ کے کہا آپ چلے ساتھ ذرا
آپ سے حاکم جابر ہے بہت آج خفا
آپ کو قتل کرے ہے یہ ارادہ اس کا
اب نہ تاخیر کریں سید والا للہ
شہ نے کس یاس سے فرمایا کہ انا للہ

۵۵۴

پھر کہا پڑھ لوں میں دو رکعتیں اذن ترا
بولا وہ اتنا توقف ہے نہیں ممکن اچھا
کی ادا شہ نے نماز اور خدا سے کی دعا
بولے پھر تجھ پہ ہے جو حکم نہ اس سے باز آ
عرض کی اُس نے یہ کیونکر مجھے جائز ہوگا
وہ ستم آپ پہ مجھ سے تو نہ ہرگز ہوگا

۵۵۵

شخص حراست میں شہ حسن و شتر بولا
حکم حاکم تھا کہ زنداں سے نہ بندھا بھی نکلا
اسے یاد آگیا اک واقعۂ کرب و بلا
ہوئے سجاد حزیں جبکہ گرفتار بلا
دُرّوں کی ضرب سے صد پارہ تن نازک تھا
پا برہنہ بھی تھے اور طوق گلے میں تھا

۵۶

تو وہ زمین سے تھے اور چھا زمین کا یہ جہاں
ساتھ ان کے ہیں گرفتار مصیبت حیران
سر عزیزوں کے رواں ساتھ سر نوک سناں
رانڈوں کے بین وہ معصوموں کی فریاد و فغاں
ٹھوکریں کھاتے ہوئے بازار ستمگار میں آئے
کبھی کوفہ میں کبھی شام کے دربار میں آئے

۵۷

قید و درا موسیٰ میں ہوئے سجادؑ ملول
عہد عباسیہ میں صادقؑ اولاد رسولؐ
در منصور پہ آیا جو پیمبرؐ کا وہ پھول
پڑھی ایک اور دعا آپ نے جب معمول
یاں دشمن کے وہ اللہ کا عاشق آیا
محفل عالم کذاب میں صادق آیا

۵۸

بولا حاکم ارے جعفرؑ تمہیں لائی ہے قضا
کہا مولا نے یہ محفل ہے بہت جلاد فنا
ابھی ظلم اٹھائے ہیں ترے ہم صبح و مسا
ابتو لازم نہیں ہے کسوں پر جور و جفا
دیکھ مجبور ہیں بے وجہ و سبب ظلم نہ کر
ہیکلے ہے یہ راس مجھ پہ تو اب ظلم نہ کر

۵۹

سن کے یہ قتل سے شہ دین سے وہ باز آیا مگر
دلمیں کہتا تھا کر دوں اسے میں صادق جعفرؑ
یہیں مسمی مرگ کی دی ہو نہ خبر
ایک خادم سے کہا پوچھ تو جلدی جا کر
غیب کے راز جو ہیں یہ کو معلوم بتائیں
جو کہا آپ نے دربار میں مفہوم بتائیں

۶۰

بڑھ کے خادم نے یہ پوچھا شہ کونین سے جب
بولے مولا کہ مری موت ہے اس کا مطلب
مطمئن اپنی اجل سے ہوا جب دشمن رب
کہا واپس کہ جعفرؑ کو وہ گھر جائیں اب
سوئے منزل وہ شہ صابر و شاکر آیا
پھر مدینے میں محمدؐ کا مسافر آیا

۲۶۱
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۲۶۲
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۲۶۳
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۲۶۴
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۲۶۵
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۵۶

چھوٹ گئی آنکھوں میں اب بیکسی سبط نبی
دھوپ میں دس دن رہے بے غسل و کفن لاشہ بھی
قبر کسی نے نہ بنائی لاشۂ مظلوم پہ تھی
گھوڑے دوڑا دیے تھے پیکر بے سر پہ شقی
اسے بیداد سے کسی نے نہ اٹھایا لاشہ
چادر خاک نے بیکس کا چھپایا لاشہ

۵۷

تربتیں ہائے کہیں جسم کہیں وائے نصیب
کوسوں دور اپنے وطن سے ہیں یہ شاہ غریب
روز جہلم ہوا دفن آہ محمدؐ کا حبیب
قبر صادقؑ کی بزرگوں کی لحد سے ہے قریب
پہلوئے مرقد سلطان مدینہ تو ملا
جعفری پھول کو بستان مدینہ تو ملا

۵۸

پاس ہی حضرت باقرؑ شہ مومن حضور
بن گیا مجمع انوار یہیں اللہ کا نور
بن گئی منزل رحمت بجد شاد و غفور
تھا دل موسی کاظمؑ پہ بہت غم کا وفور
قبر پر نور سے روتے ہوئے شیعہ اٹھے
فاتحہ پڑھ کے عزیزان و احبا اٹھے

۵۹

برسوں مرقد پاک پہ گنبد موجود
دل دشمن میں کھٹکتی رہی ہر دم یہی نمود
سالہا مومن نجدیوں سے جلد جہاں میں معہود
ظلم سے چھوڑا نہ نشان قبر کے بھی ہیں نابود
نہ زمیں دوز فقط تربت جعفرؑ کر دی
مرقد فاطمہ زہراؑ بھی برابر کر دی

۶۰

یوں کی بے ادبی رسالت افسوس
دشمنی آل پیمبرؐ سے ہوئی امت افسوس
قبر بی بی پہ مصیبت رہی عترت افسوس
اب میسر نہیں تربت میں بھی راحت افسوس
جس سے ناراض پیمبرؐ ہوئے وہ کام کیا
ان مسلمانوں نے اسلام کو بدنام کیا

۸۲

پھولوں بسیں ہیں بھیجے جگر کو سیلانوں کی
پھیپھڑے کا ہوا چھید کے لوٹے گھر سیلانوں کی
ارے کوئی جو ہی جگر حیدر کو سیلانوں کی
زہرا کا لال پیاسا ہے سر کو سیلانوں نے
اے سر تیغ تیز تیر تیز تیغ نے مارا
یا ہی دوبار در حیدر بھی مارا

۸۳

جو بن کے رہ وہ اسلام میں بن دوا من والے
یا ہی یا نبی یا علی کی جو رضی کی غیرت والے
نقد جان شکست دین کو وہ ضبط پر ہو والے
سر کٹا لے بن بے جرم ضعیف بے زار ذبح لے
کا فروں کی ہمی عدو کی پھول بری سیلان
یا ہوا کیا نہیں کیا وہ سیلان غم

۸۴

اے حسین ابن نبی جان علی جگر بتول دیں کا
یعنی سر اہل سنت بدر سلطان ہوا
سر جو دیں کی بی بی پیاسا رسول دو سرا
ری اولاد کو جو مدح کا ذوق عطا
یا شوق صادق نا سنید والے
نسل میری بری آل اولاد صفی

تاریخ ختم تصنیف مرثیہ ہذا ۱۱ جمادی الثانی سنہ ۱۲ ہجری
جو پڑھے مصنّف کے لئے دُعا کرے

رباعی

تعریف ہو یہ پیمبری پھولوں کی — توصیف و ثنا ہو حیدری پھولوں کی
میں پڑھتا ہوں مدح صادق آل رسول — مجلس میں مہک ہو جعفری پھولوں کی

رباعی

حاصل ہوئی شبیر کی سرکار مجھے　　دُربار جو ہی ملا وہ دَربار مجھے
میں مخبر صادق کا ہوں مداح خبیر　　قرآن و خبر سے ہی سروکار مجھے

دیگر

اسلام کی کشتی کے سہارے ہیں حسین　　ایمان کی منزل کے ستارے ہیں حسین
ہم حسینی حُسینیت حسین اُس کے ہیں　　کہتی رہے دنیا کہ ہمارے ہیں حسین

مرثیہ ۹

ہفت آئینہ گردوں میں جلا کس کی ہے

تعداد بند (۱۲۶)

درحال امام موسیٰ کاظمؑ

مصنّفہ

سید سرفراز حسین رضوی خبیرؔ لکھنوی

مطبوعہ

نظامی پریس آہنی پھاٹک لکھنؤ

زیارت حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُورَ اللّٰهِ فِي ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ بَدَا لِلّٰهِ فِي شَانِهٖ اَتَيْتُكَ
زَائِرًا عَارِفًا بِحَقِّكَ مُعَادِيًا لِاَعْدَائِكَ
مُوَالِيًا لِاَوْلِيَائِكَ فَاشْفَعْ لِي عِنْدَ رَبِّكَ
يَا مَوْلَايَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ بَيْتِ النُّبُوَّةِ
مَوْضِعَ الرِّسَالَةِ وَمُخْتَلَفَ الْمَلَآئِكَةِ وَ
مَهْبَطَ الْوَحْيِ وَمَعْدِنَ الرَّحْمَةِ وَخُزَّانَ
الْعِلْمِ وَعِتْرَةَ خِيَرَةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَ
رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

تاریخ ولادت ۷ صفر ۱۲۸ھ　　تاریخ شہادت ۲۵ رجب ۱۸۳ھ

مدفن کاظمین بغداد

۱

ہفت آئینہ گردوں میں جلا سکتی ہے
مہر سیاروں کے دامن صبح و مسا سکتی ہے
ساتوں اقلیم میں دنیا کے ثنا کر سکتی ہے
چشم انصاف سے گردوں میں ضیا سکتی ہے
پہلے سے صفت سنا میں قرآن کی ثنا پڑھ دو
نام لیتا ہوں ذرا سبع مثانی پڑھ لو

۲

بلند الحمد یہ کس مدح و ثنا کا ہے اثر
چرخ ہفتم سے سخن کی ہے زمیں بالاتر
حسن تحریر کے اوراق میں جو نیک اختر
سات بار اٹھ کے وہی گرد قمر ناظر
کعبہ میں سات قصیدے تھے جو لٹکائے گئے
اس کی اک نظم میں پامال وہ سب پائے گئے

۳

سات دریاؤں کو ہے جوش طبیعت پہ غضب
ہفت بند ایسے مسدس کی جو کہتے ہو خوب
عیب بینوں کی جفا کر نہیں سکتی ہے عیوب
حسن کو فتح جو دی ہے نگاہ محبوب
جانے والوں پہ ظاہر ہے یہ کیا کہتے ہیں
جو کہ سے ہیں وہی اچھوں کو برا کہتے ہیں

۴

بزم الفت میں عدو اور کے بہت کام آئے
نشہ کر میں بتوں کے پیغام آئے
بحر افکار میں طوفان سحر و شام آئے
میری کشتی پہ وہ ہیں نوح جو کام آئے
کشتی دل کا سمجھتا ہوں سہارا ان کو
جب پڑی مجھ پہ مصیبت تو پکارا ان کو

۵

سب برابر ہیں نزدیک اہل بیت بلند
ہو سکے آزاد بھی ہوں وضع کا بھی پابند
خاکساری کی طرف طبع ہے مائل ہر چند
جلوہ کے مقابل میں تعلی ہے پسند
سب درست اہل سخن کے آگے رکھ دوں
مجھ سے جو بن سکے اس میں کچھ کچھ لکھ دوں

سؔ

جوش میں طبع رواں ہے مری دریا کی طرح
آبرو دل کو ملی گوہر یکتا کی طرح
جادۂ نظم میں ضو منزل موسیٰ کی طرح
دائرے نور فشاں ہیں ید بیضا کی طرح
ایک اک لفظ میں جلووں کی فراوانی ہے
میں ہوں اور موسیٰ کاظمؑ کی ثنا خوانی ہے

سہ

پھر رہا ہے مری آنکھوں میں حقیقت کا چمن
کاظمین اب ہے مرے طائر دل کا مسکن
قبر جعفر صادقؑ کا وہ روضۂ روشن
صبح صادق ہے یہاں آکے ہے جلوہ فگن
اس فقیری میں مجھے تخت ملا تاج ملا
شکر صد شکر در باب مراد آج ملا

ش

پہلے میں پئے مقصد پہ تفاخر کر لوں
ساغر دل میں مئے نور تولا بھر لوں
آسماں سے بھی جو مجھکو نہ ملا اختر لوں
ذرہ ہائے در شاہنشہ بحر و بر لوں
یہیں مل جائے وہ جلوہ تو یہیں دور نہ جاؤں
ارنی کہنے کو وادئ سر طور نہ جاؤں

و

فرش جس در کا ہے عرش معلیٰ یہ ہے
جس کے گنبد میں ہے جنت کا تجلی یہ ہے
نوبہار چمنستان تولا یہ ہے
ساتواں حق کی جماعت کا مصلا یہ ہے
بہشتیں کہے کوئی سب کا ہے نظارہ ایک
دیکھئے طرز عبادت کہ ہیں سیپارہ ایک

شاہ

صبح کا وقت سماں طاعت ربانی کا
چہچہے مرغ سحر کی گل افشانی کا
شور ہے رحمت معبود کی طغیانی کا
تر و تازہ ہے شجر شوکت ایمانی کا
شان اسلام حقیقی کی نظر آتی ہے
کلمہ پڑھتی ہوئی باد سحر آتی ہے

۱۱

میری آنکھوں میں ہے صفت و سامان سحر
شفقی رنگ میں ڈوبا ہوا دامان سحر
عالم افروز ادھر عارض تابان سحر
نقش دیوار ادھر رشک گلستان سحر
نعرۂ تکبیر کا تا اوج فلک جاتا ہے
عطر اخلاص سے گلدستہ مہک جاتا ہے

۱۲

پیر کا لیں جو ہے اس کعبۂ عظم کا مزار
خضر توفیق کا ارشاد ہے پھر ہے اصرار
چل دوبارہ طرف مرقد شاہ ابرار
جا کے پھر دیکھ وہاں صبح عراقی کی بہار
باغ قدرت کے نمونے ہیں بیابانوں میں
لوٹی جاتی ہے ضیا مہر کی ایوانوں میں

ن حرکت چرخ نے یوں دی کہ نہ ٹھہرا پانی
جام زریں میں چھلکتا ہو سنہرا پانی

۱۳

ضو فشاں ذرے ہیں ہر سو کے نگینوں کی طرح
خاک کے تودے ہیں قدرت کے خزینوں کی طرح
صاف میدان ہے فضائے جبینوں کی طرح
ناؤ بیٹھی ہوئی خشکی کے سفینوں کی طرح
چھیڑتی ہے موج صبا کیا ہی یہ منظر دیکھو
لہریں لیتا ہوا میدان میں سمندر دیکھو

ن نور بھی عکس شفق سے ہے شہابی گویا
مے گلگوں کی چھلکتی ہے گلابی گویا

۱۴

دور تک دشت عرب دیکھ کے ریگستانی
رات بھر اوس نے چھڑکا ہے زمیں پر پانی
وہ ہوا سرد کہ دل کو ہو خوشی روحانی
جلووں کی چشمۂ خورشید میں وہ طغیانی
نور بھی عکس شفق سے ہے شہابی دیکھو
جام زریں میں چھلکتی ہے گلابی دیکھو

۱۵ ن دلکش

بعد میدانوں کے دریا کا سہانا منظر
وہ کنارے کہ بہار آ کے لگائے بستر
جا بجا نخل کھجوروں کے جو ہیں بار آور
جنت العدن کے میوے سے ہیں شاداب ثمر
خوشوں کو دیکھ کے دل وجد میں آ جاتا ہے
ذکر آتا ہے زباں پر تو مزہ آتا ہے

۱۶

وہ قدرت نے خوشبوؤں کو وہ جو نہاں رکھا تھا
ڈالیوں میں لب غنچہ کے خوشنمائی تھا
جھاڑیوں کو وہ شعاعوں نے ابھر کے چمکایا
پہنے ہیں سبز نہالوں نے یہ پیش کے ہار
صنعت قدرت رب دو سرا دیکھی ہے
آ کے جنت کی بہار انکی ادا دیکھی ہے

۱۷

ابر و باراں چھلکتا ہوا پیمانہ ہوئی
سبزے سے جس کی ازل ہو نہیں سیری ہوئی
مستی شبنم حباب ایسی فضا میں آئی
سبزہ سوتا ہے کہ سبزہ کی یہ قسمت سوئی
مست صہبائے لطافت ہے وہ ہشیار نہیں
جو اسے خواب کہے آپ وہ بیدار نہیں

۱۸

محفل عیش ہے زینت کے ہر اک نخلستاں
شاخوں پہ چہچہاتے ہیں مرغ نغمہ زن خوش الحاں
اوس کے قطروں پہ ہے گوہر غلطاں کا گماں
پتوں میں ہے جو لطافت وہ زمرد میں کہاں
ماسوا رنگ کے نسبت ہے کس بات کی یہ
یہ نباتات ہے اور وہ جمادات کی ہے

۱۹

طاعت حق پہ ہر اک نخل جو ہے آمادہ
سبزہ بچھتا ہے بچھا جیسے ہو سجادہ
راستہ روکتے ہیں تیری نظر کا جادہ
اے تخیل آ کے نئے دیکھی یہ بہار سادہ
دام و صیاد کے دلدوز فسانے بھی نہیں
گل کی باتیں نہیں بلبل کے ترانے بھی نہیں

۲۰

یہی باتیں ہیں نہیں گو کہ فسانے باغ کے
ہم کو دنیا کی نہیں کچھ بھی پڑی وہ جانے
طبع کو غنچہ کے اور گل کا ترانہ چاہئے
جسکا دل چاہے وہ بلبل کے فسانے چاہئے
ہم تو بیکار مضامین بڑی کہتے ہیں
باغ عالم کا جو منظر ہے وہی کہتے ہیں

بند ۲۱

منطبق ہو جو تواریخ سے لکھا دی حال
آج ہی آپ نے ہیں ذکر شہ نیک خصال
صبح کا وقت ہے مداح کا دل بھی ہے بحال
حاضر صحن مقدس ہوں بہ حسن و داب کمال
جاگے تقدیر اسی در پہ جو تکیہ کرلوں
پہلے چوکھٹ پہ تو اللہ کا سجدہ کرلوں

بند ۲۲

کر کے سجدہ جو ہوا داخل روضہ اک بار
دو اماموں کے نظر آئے وہاں مجھ کو مزار
ایک ہے موسیٰ کاظم کی تجلی پر انوار
جس کے پہلو میں ہے جواد تقی عرش وقار
کاظمین اس کو میں زینت و بازیں کہوں
کیوں نہ پھر روضۂ انور کو جوادین کہوں

لسان اقدس

بند ۲۳

دونوں پر حیدر و زہرا و پیمبر ہیں فدا
رتبہ یکساں ہے کہ دونوں ہیں امام دوسرا
جیسے قرآن و حمائل میں نہیں فرق ذرا
حال فی الحال مگر ایک ہی کا ہے لکھنا
زیست باقی ہے تو غافل نہ رہے گا خادم
مرثیہ حال تقی میں بھی کہے گا خادم

بند ۲۴

السلام اے وطن آوارہ غریب بغداد
وارث عابد بیمار اسیر بیداد
باب دیں باب عطا باب اماں باب مراد
باغ زہرا کے گل تازہ علی کے شمشاد
اے بہار چمنستان پیمبر تسلیم
اے گل سرسبد گلشن جعفر تسلیم

بند ۲۵

جعفری پھول سے تھی باغ مدینہ میں بہار
رہتا تھا فاطمہ بوسیدہ میں وہ عرش وقار
صحن پر روشنی وادی ایمن تھی نثار
فخر موسیٰ تھا یہ موسیٰ گل باغ انوار
اس کی تنویر خداداد بھی اس نور میں تھی
اسی موسیٰ کی تجلی شجر طور میں تھی

۲۶

چشم اعدا میں سما سکتا تھا کیا نور خدا
زہر جب حضرت صادقؑ کو ستمگر نے دیا
مسند آرائے امامت ہوئے سلطان ہدا
دور منصور کا تھا زور تھا عباسیوں کا
دشمن باغ شہنشاہ نجفؑ کانٹے تھے
جعفری پھول تھا اور چار طرف کانٹے تھے

۲۷

گرچہ منصور ہی کے عہد کے تھے جور و ستم
اُسکی اولاد کا بھی دور نہ تھا ظلم میں کم
شوق سادات کشی رکھتے تھے وہ سب ظالم
خاندان نبوی سے تھی طبیعت برہم
ظلم ایجاد ہوا کرتے تھے غداروں میں
کتنی اولاد نبی چن گئی دیواروں میں

۲۸

جب جہاں میں ہوا مہدی بن منصور لئیم
یہ بھی تھا اپنے بزرگوں کی طرح ترو رجیم
ایک سال اس نے رکھا موسیٰ کاظمؑ کو اسیر
یونہی ہادی بن مہدی تھا شریر ابن شریر
عہد میں اپنے ستم اُسنے بھی ڈھایا کیا
نام سادات کے دنیا سے مٹایا کیا

۲۹

عہد میں اُسکے دوبارہ ہوئے شاہ طلب
پھر رہا ایک برس قید میں وہ عاشق رب
حاکم وقت نے یہ خواب میں دیکھا اک شب
کر علیؑ غیظ میں فرماتے ہیں کیا یہ غضب
قتل سادات و فسادات پہ تیار ہوئے
تم کو دولت جو ملی اور گنہگار ہوئے

۳۰

بعد ہادی کے جو ہارون ہوا تخت نشیں
اُسکے دو بیٹے تھے مامون تھا ایک اُن میں
آخرش مامون کا یحییٰ بن خالد تھا معین
دوسرے بیٹے کو جعفر کی وفا کا تھا یقین
ایسے احوال میں دربار کوئی کھیل نہ تھا
دونوں آپس میں مخالف تھے کبھی میل نہ تھا

۲۱

ایک دن آ کے یہ ہارون کو یحییٰ نے کہا
جعفر اس طرح سے ہے موسیٰ کاظم پہ فدا
جد اُسے سمجھتا ہے وہ اُن کو بخدا
بھیجتا ہے اُنھیں تحفے بھی یہ زر یہ ردا
کچھ نہیں پاس حکومت کا وہ پُرفن ہے
آل احمد کا محب آپ کا دشمن ہے

۲۲

حاکم شوم تھا خود دشمن اولاد علیؑ
یہ سخن سن کے طبیعت ستم آرا کی جلی
دل میں یہ ٹھان چکا تھا وہ شقی ازلی
ہیں زمانے پہ شرف موسیٰ کاظم کے جلی
مالک تخت ہیں حاکم ہیں شریعت کا نہیں
اُن کے ہوتے مجھے کچھ لطف حکومت کا نہیں

۲۳

تھا اسی قصد و عناد و ستم پہ غضب
حج کعبہ کے بہانے سے چلا بد مذہب
اتفاق ایسا کہ مکہ ہی میں تھے شاہ عرب
دل جلا اور کہا محض حسد اس کا سبب
دیکھا ہر چار طرف اہل یقیں بیٹھے ہیں
بیچ میں زیب حرم قبلۂ دیں بیٹھے ہیں

۲۴

سب ہیں زیارت سے مشرف ہو کر
محو تصدیق احادیث ہیں ہر با خبر
مسئلہ پوچھتا ہے کوئی مطیع حیدر
کوئی کہتا ہے کہ اے ختم رسل کے دلبر
حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

۲۵

دیکھی ہارون نے جس وقت یہ شان و عظمت
بولا اے قبلۂ دیں کعبۂ اہل ملت
آپ ہی کو ہے نبیؐ سے شرف ابنیت
آپ ہی ہیں جو لیا کرتے ہیں سب سے بیعت
آپ ہیں اُس کے مخالف جو مجھے مانتے ہیں
آپ ہی اپنی امامت کو بھی جانتے ہیں

۲۶

گرافشاں ہوئی گر اردو عالم کی زباں
حاکم جسم ہے تو میں ہوں دلوں کا سلطاں
حشر میں جائینگے جب پیش رسول ذیشاں
ابن عم کہکے نبی کو تو پکاریگا وہاں
سب بلاتے ہیں مدد کے لئے آفت میں انھیں
میں صدا دونگا پدر کہکے قیامت میں انھیں

۲۷

جب سنا یہ سخن فخر فصیحان عرب
دم بخود ہوگیا ہارون رہا محو تعجب
دل میں خواہ مخواہ دی رائے یہی ہے اب
چھوڑ کر مکہ مدینہ کو چلے ہیں خود مطلب
فتنہ کا خوف ہے تو مجھ سے لشکر کو وہاں
قید کرے اسد حیدر صفدر کو وہاں

۲۸

ہوا داخل جو مدینہ میں وہ ازراہ ستم
شہر کی گلیوں سے آواز یہ آئی السلام
ہے یہ آرام گہ بادشہ عرش حشم
اسی میں ہے نہاں نور خدائے اکرم
شور و شر کرنے میں اصلا تجھے پروا نہیں
جسکی امت میں ہے تو اسکا بھی کچھ پاس نہیں

۲۹

تیری صحبت میں بہت بانی شر رہتے ہیں
اپنے مطلب کے لئے آٹھ پہر رہتے ہیں
مشورہ دیتے ہیں اور ادھر کے در پے رہتے ہیں
جس طرف رخ ہو ہوا کا یہ ادھر رہتے ہیں
مست دولت ہیں یہ سب غم سے افاقہ ہی نہیں
ہیں یہ اغیار خوشامد سے علاقہ ہی نہیں

۳۰

باز آیا نہ ارادے سے وہ مردود دغا
پہلے روضہ میں پیمبر کے سحر گاہ گیا
نزد قبر پہ سلام اور درود اسنے پڑھا
پھر ندا دی کہ ماں باپ ہوں حضرت پہ فدا
حشر کے روز سے بالکل نہ ڈرونگا مولا
آپکے پیارے کو میں قید کرونگا مولا

۳۱

معذرت خواہ ہوں اے کشور اسلام پناہ
آئی آواز ہے بدتر زگنہ عذر گناہ
کس کے بارے میں کرتا ہے کلام او گمراہ
ساتواں میرا خلیفہ ہے یہ بر حق واللہ
راہ فردوس دکھاتی ہے محبت اسکی
سب پہ واجب ہے زمانے میں اطاعت اسکی

۳۲

کرکے مغموم پیمبرؐ کو چلا وہ مکار
آکے خیمہ میں دیا حکم یہ سب کو یکبار
کل دم صبح کرو نگاہیں یہاں پھر دربار
ہوکے قید آئے مرے آگے نبیؐ کا دلدار
پاس رشتہ کا پیمبرؐ کے نہ زنہار کرو
جس جگہ پاؤ وہیں اسکو گرفتار کرو

۳۳

پنجۂ مہر نے پھاڑا جو گریبان سحر
ناخن غم سے دریدہ ہوا دامان سحر
یوں لکھا خامۂ تقدیر نے عنوان سحر
صبح محشر کا نمونہ ہے یہ سامان سحر
ایک معصوم کے اب قید کی تدبیریں ہیں
پر شعاعیں ہیں کہ پھیلی ہوئی زنجیریں ہیں

۳۴

صبحدم قبر نبیؐ پر تھا وہ خورشید حجاز
نور میں شرع کا مصلیٰ تھا افق سے ممتاز
محو اوراد تھے جھکائے ہوئے سر بعد نماز
ایسی حالت میں نہ آئے وہ لعین ظلم سے باز
لحد پاک نبیؐ پر ستم آرا پہنچے
طوق و زنجیر لئے بہر جفا آ پہنچے

۳۵

دین کا ہاتھ کسی نے پسِ دنیا کھینچا
چھینا تسبیح کو دست شہ والا کھینچا
سجدہ گہ چھین کے حضرتؐ کا مصلیٰ کھینچا
کربلا میں جو ہوا تھا وہی نقشا کھینچا
وہاں شبیرؑ کا آرام جگر قید ہوا
اور یہاں جعفر صادقؑ کا پسر قید ہوا

۴۶
فرق اتنا ہے وہاں بھوک بھی تھی پیاس بھی تھی
تپ بھی تھی درد بھی تھا رنج بھی تھا یاس بھی تھی
ننگے سر عترت محبوب خدا پاس بھی تھی
گھر میں جو تھی نانی زہرا بھی وہ بے آس بھی تھی
تھی نہ اعدا میں حیا بد عملی کا ذوق بھی تھا
تازیانے بھی تھے زنجیر بھی تھی طوق بھی تھا

۴۷
تھے وہاں بارہ اسیر اور یہاں ایک اسیر
ہاں یہ قیدی بھی تھا دلبند جناب شبیر
جانشین مخبر صادق کا امیر ابن امیر
کر کے جب قید لیے جاتے تھے حضرت کو شریر
لوگ سب حلم امام عربی دیکھتے تھے
آپ حسرت سے سوئے قبر نبی دیکھتے تھے

۴۸
یہ اشارہ تھا کہ اے جد گرامی تسلیم
دیکھیے آپ کی امت نے کیے ظلم عظیم
روئے سب سن کے یہ فریاد شہنشاہ کریم
خوف حاکم سے نہ تھی کوئی مصیبت میں سہیم
شان سجاد زمانے کو دکھاتے تھے حضور
بیڑیاں پہنے ہوئے راہ میں جاتے تھے حضور

۴۹
آئے جب سامنے حاکم کے شہنشاہ عرب
سخت لہجے میں ستمگر نے کہا جو بہ غضب
میں بیاں کرنے سے قاصر ہوں کہ تھا بے ادب
حلم سے کام لیا کیوں نہ ہو کاظم تھا لقب
غیظ سے اُس نے شہ جن و ملک کو دیکھا
آپ خاموش رہے اور فلک کو دیکھا

۵۰
جب مدینہ میں امام مدنی قید ہوئے
ماہ شوال کی بستم ہی لکھی راوی نے
ہجرت پاک کے سن ایک سو اناسی (۱۷۹) تھے
ایک ہی قسم کی دو محملیں پھر منگوا کے
ایک محمل کو پئے سید عالی رکھا
دوسری کو ستم ایجاد نے خالی رکھا

۵۱

دونوں کے ساتھ حفاظت کو ہوئی فوج کثیر
شہر بصرہ کا جو عیسیٰ ابن جعفر تھا امیر
اس مسیحا کو وہیں بھیج دیا کرکے اسیر
لے کے محمل خالی سوئے بغداد شریر
تھا یہ مطلب نہ کھلے کوئی بھی سید ادھر ہیں
شاہ بصرہ میں مقید ہیں کہ بغداد میں ہیں

۵۲

قید ہو کر گئے بصرہ جو پیشوا شاہ امم
گھر میں اک حشر ہوا زار ہوئے اہل حرم
پیٹ کے سر بیٹھے گھر سنتے تھے حال پر غم
در و دیوار سے آتی تھی صدا ماتم
کوئی کہتا تھا کہ اے سید والا تسلیم
الوداع اے شہ دیں محسن دنیا تسلیم

۵۳

ایک انبوہ تھا رستہ میں پئے سلام
جنگلوں جنگلوں جاتا تھا نبی کا گلفام
راہ میں ڈیڑھ مہینہ کا وہ کچھ روز مقام
پہنچے تھے ہفتم ذی الحجہ کو بصرہ میں امام
حاکم بصرہ کے گھر محفل تجوازی تھی
تین دن پہلے سے ہی عید کی تیاری تھی

۵۴

نہ پیمبر کا تھا کچھ پاس نہ خالق کا حجاب
بزم آراستہ تھی ناچ رہے تھے چنگ و رباب
بھولے بیٹھے تھے شرع کے احکام کو وہ خانہ خراب
دور اسلام میں چھاتا تھا غضب دور شراب
نے فغاں کرتی تھی تربت یہ قیامت کیا ہے
ہاتھ ملتا تھا جلا جل کہ یہ آفت کیا ہے

۵۵

حاکم بصرہ اسی رنگ میں تھا متوالا
اک ملازم نے دیا لاکے جو خط ہارون کا
پڑھ کے مضمون یہ کہنے لگا وہ بے پروا
گوشۂ قصر میں اک تیرہ سا حجرا
صورت قبر جو تاریک ہے ایسا گھر دو
جاؤ محبوس وہیں گوشہ نشیں کو کر دو

۵۶

داخل حجرہ ہوا قلعہ کشا کا دلدار
کھلتا تھا آٹھ پہر میں در زنداں دو بار
صبح کو بہر وضو، شب بے یار دیار [?]
چند لمحوں کے لیے شب کو برائے افطار
کیوں نہ اس ظلم و ستم سے ہو کلیجا پانی
صرف دو نان جویں ایک کٹورا پانی

۵۷

رشتۂ دوں قید کا ناخن ہر علم و کمال
"ماہ کامل" ہو بڑھ بڑھ کے جو ناخن "ہلال"[۱]
سنبل گلشن اسلام بنے سر کے جو بال
آگئی یاد دبیر سخن آرا کی مثال
طول گیسو کا اسیری میں بہت کچھ طور [?] ہوا
سلسلہ بخشش امت کا دراز اور ہوا

۵۸

اک غلام حبشی پر تھی یہ تاکید مدام
ناظر حال رہے قید میں جو صبح و شام
آکے ہر روز وہ کرتا تھا یہ حاکم سے کلام
اے امیر ایسے ہی ہوتے ہیں دو عالم کے امام
کون سا جرم کیا جس پہ کہ بیداد ہے یہ
یوسف آل نبی ثانی سجاد ہے یہ[۲]

۵۹

شکوے کا نام نہیں اُن کی زباں پر اصلا
للہ الحمد و لک الشکر کی آتی ہے صدا
کام اوراد و وظائف ہی سے ہے صبح و مسا
کبھی قرآن کی تلاوت کبھی قائم [?] ہے دعا
اپنے معبود سے کرتا ہے وہ ایسی باتیں
ہوتی ہیں عاشق و معشوق میں جیسی باتیں

۶۰

سجدے کا طول بتاتا ہے یہی وقت نماز
نذر دیتا ہے کوئی سر کو سر محفل ناز
کھلتا ہے وقت دعا ہو تو لبی جنبش سے یہ راز
کرتے ہیں معشوق حقیقی سے سخن کیا کیا ناز
کچھ بناوٹ نہیں سب میں یہ شرف ذاتی ہے
بیڑیوں سے بھی صدا صلوات آتی ہے

۱؎ ماہ کامل سے مشابہ ہوئے ناخن کے ہلال

۲؎ یہ مصرع شاید میر انیس صاحب کا ہے "خبیر" ۱۲

۶۱

حبشی ہوں میں مرا قلب بھی ہے صبح فروز
اس طرح پڑھتا ہے قرآن وہ اللہ کا نور
ہوگئی دل سے مرے جہل کی ظلمت کافور
میں ہوں بندہ بے دام امام جمہور
منتخب سارے زمانے میں حجت کرنی
دل نے دلبند یاشتی کی بیعت کرلی

۶۲

ایک تو یہ ہے ہر وقت انکو عبادت ہی کا کام
مجھ بھر کو ہوئی فرصت تو بوقت آرام
لب پہ جز قاضی حاجات نہیں اور کلام
ہوکے خوش کہتا ہے وہ موسیٰ طور سلام
کنج عزلت میں ہے ہر بات کا سننے والا
تو ہے بندہ وہ کی مناجات کا سننے والا

۶۳

مجھکو مدت سے تمنا تھی یہ تجھ پر ہے عیاں
کر سکے پھر عبادت کوئی خلوت کا مکاں
مرے اس باپ فدا مجھ پر نکلا ارماں
گھر جو مانگا تھا ملا شکر میں قاصر ہے زباں
بہتر اس قید سے دنیا کی مجھے سیر نہیں
میں ہوں اور میرا خدا اور کوئی غیر نہیں

۶۴

جبکہ دربار میں حاکم نے سنی یہ تقریر
دیکھا سب دیکھتے ہیں محفل میں صغیر اور کبیر
خود بھی مسند سے وہ اٹھ بیٹھا بحال تغیر
خدمت شاہ میں آیا پئے عفو تقصیر
رو کے بولا مرا جرم او شہ والا بخشا
بخوشی کہہ دیا اب تک جو کیا تھا بخشا

۶۵

خدمت شاہ سے پلٹا جو مشرف ہوکر
خط میں ہارون کو لکھا یہ سچی ہے خبر
باخدا موسیٰ کاظم سا نہیں اور بشر
باز آ بد ارادے سے اب اے شہ گر
بے گنہ کو نہ سزا دے کہ گنہگار رہو تو
میں ہوا کرتا ہوں اب تجھکو خبردار رہو تو

٦٦

پڑھ کے اس نامہ کو ہارون بہت گھبرایا
ظلم تازہ ستم ایجاد نے پھر دکھلایا
واں سے مظلوم کو ظالم نے یہاں بلوایا
ہائے بغداد میں یثرب کا مسافر آیا
ہر طریقہ سے اسیری کی بلا ساتھ ہوئی
کوچ بصرہ سے کیا جب تو قضا ساتھ ہوئی

٦٧

ہو گئے بغداد میں جب داخلِ زندان مولا
پہلے فضل ابن ربیع آپ کا دربان ہوا
تھا یہ قدغن نہیں تکلیف میں شاہِ والا
یاں بھی بیکس پہ تشدد رہا بصرہ کا سوا
ہو گیا خون مباح آپ کا پانی کی طرح
کٹ گئی قید میں ساری ہی جوانی کی طرح

٦٨

حکم دیتا تھا یہ دربانوں کو ہارون عنید
دیکھو اس موسیٰ کے مہماں پہ رہے ظلم شدید
جو اسے قتل کرے ہے مرے نزدیک سعید
فضل نے کہہ دیا مانوں گا نہیں تاکید
لاکھ ناراض ہے حاکم خود سر مجھ سے
قتل ہوگا نہ جگر بند پیمبر مجھ سے

٦٩

سن کے یہ فضل کی حالت ہوا برہم وہ شقی
منتقل ہوئی یحییٰ سے حراست شہ کی
کر گیا نقل مکاں دیر نہ ہرگز کی
ایک اک غار کہنہ میں جگہ شہ کو ملی
خاص یحییٰ کا غلام آپ کا دربان ہوا
وہ بھی حضرت کا شرف دیکھ کے قربان ہوا

٧٠

قید میں ننگ عبا دیکھ کے چمن کا تھا عیاں
باغ لاہوت کا اک پھول تھا سجدہ کا نشاں
لاغر اتنا ہوا تھا مالک گلزار جناں
حالت سجدہ میں تھا دیکھنے والوں کو گماں
طاعت حق میں یہ جبریل کا شہزادہ ہے
یا کہ چادر یہ سر خاک جو افتادہ ہے

۱۷۱

تھے عباس قید میں اعجاز شہ عرش سریر
دم بخود بیٹھے تھے اعدائے امام دلگیر
آپ کے ساتھ علی ابن مسیب تھا اسیر
عرض کرنے لگا اک روز کہ اے کل کے امیر
یاد اطفال میں ہوں مضطر و حیران بیحد
دل ہے اب طول اسیری سے پریشان بیحد

۱۷۲

قبلۂ دیں نے نماز اُٹھ کے پڑھی دو رکعت
کہا آنکھوں کو ذرا بند کرو خوش نیت
بولے فوراً ہی یہ پھر کعبۂ اہل حاجت
نظر شوق سے اب دیکھ خدا کی قدرت
کھولیں آنکھیں تو عجب لطف نمایاں تھا وہاں
اب نہ بغداد نہ بغداد کا زنداں تھا وہاں

۱۷۳

قبۂ روضۂ سلطان مدینہ دیکھا
قلزم رحمت باری کا سفینہ دیکھا
ضو فشاں مہر شہادت کا نگینہ دیکھا
پاس ہی روضۂ سقائے سکینہ دیکھا
بولے مولا کہ سر در دلگیر ہے یہ
سامنے بارگہ بانوئے شبیر ہے یہ

۱۷۴

جب بجا لا چکے آداب زیارت تو کہا
کرکے بند آنکھوں کو پھر کھول کہ اے اہل ولا
کی جو تعمیل تو کیا دیکھتا ہے صل علا
سامنے آنکھوں کے ہے قبر رسول دوسرا
بولے شہ دولت ایمان کا خزینہ یہ ہے
جد امجد کا یہ روضہ ہے مدینہ یہ ہے

۱۷۵

جا کے اطفال کو گھر سامنے ہے وہ ترا گھر
آنا جلدی کہ ہے درپیش ابھی دور سفر
ملے ہر ایک سے حاضر ہوا وہ نیک سیر
تھام کر ہاتھ یہ بولا وہ جہاں کا رہبر
سامنے تیرے در کشور اعجاز کھلیں
بند کر آنکھیں پھر اپنی کہ نئے راز کھلیں

٧٦

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٧٧

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٧٨

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٧٩

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

٨٠

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۸۱

